انتقاد

ارشاداتِ نبویؐ ناشر شعبۂ تعلیم و مطبوعات، محکمہ اوقاف پنجاب، لاہور،
اردو ترجمہ محمد میاں صدیقی، انگریزی ترجمہ شاہد اللہ فریدی، نظر ثانی رشید احمد جالندھری،
صفحات ۱۰۸، سائز کتابی، کاغذ اعلیٰ، طباعت آفسٹ ٹائپ، قیمت ۵۰/۳ روپے۔
ملنے کا پتہ:- ادارہ فروغِ اسلام، سعید منزل، ۱۶۸- انارکلی- لاہور-

قرآن اور حدیث گو دو الگ الگ دستاویزات ہیں، لیکن عملی طور پر ایک کو دوسرے سے جدا کرنا ممکن نہیں۔ رسالت مآبؐ کے طفیل قرآن دنیا میں روشناس ہوا، اس کی تعلیمات کا عملی نمونہ آپؐ کا اسوۂ حسنہ ہے۔ جو حدیث کی شکل میں تا قیامت آپؐ کی سنت کو پورا کرتا رہے گا۔ آج ہر طرف مغرب کے ملحدانہ افکار و نظریات کا جو غلبہ ہے۔ اس کی بڑی وجہ اقوال و ارشاداتِ نبویؐ سے ہماری عدم واقفیت ہے۔ ہمارے پڑھے لکھے طبقے کے افراد جو مستشرقین کے اسلامی لٹریچر اور اقتصادی امداد کے ساتھ آنے والے غیر ملکی دانشوروں کے غیر اسلامی نظریات سے متاثر ہو جاتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ بھی یہی ہے۔

ایک مدت سے، ایک ایسی کتاب کی ضرورت شدت سے محسوس ہو رہی تھی۔ جس میں قرآن و حدیث کے ان حصوں کو یکجا کر دیا گیا ہو۔ جو تعلیماتِ اسلام پر مشتمل ہوں جن کا انگریزی میں بھی معیاری ترجمہ ہو۔ تاکہ ہمارا انگریزی خواں طبقہ بھی اس سے مستفید ہو سکے، ہماری دانست میں یہ کتاب، کافی حد تک اس ضرورت کو پورا کر سکے گی۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں قرآنی حصے کا انگریزی ترجمہ پکتھال کے ترجمے سے اور اردو ترجمہ ابوالسلام آزاد اور فتح محمد جالندھری کے تراجم سے ماخوذ ہے۔ آیات و احادیث کے حوالے دیئے گئے ہیں۔ دیباچہ میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے چار بنیادی اصول

کا ذکر کیا گیا ہے۔ جو شریفانہ زندگی بسر کرنے کے لئے سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ اوامر و نواہی کے ذیل میں مزید نو سنہرے، لازوال اصول بیان کئے گئے ہیں جن کو حرزِ جاں بنانے کا حکم، پروردگار نے رسالت مآبؐ کو دیا تھا۔ یہ ابدی اصول مادی و روحانی زندگی کے لئے ضروری ہیں، جن پر چلنے سے ارتکاب گناہ سے بچنا ممکن ہے۔ گناہ زندگی کی توہین ہے اور زندگی جو عطیۂ الٰہی ہے، اس کی توہین بہر صورت روا نہیں۔

سولہ مختلف عنوانوں کے تحت اکتیس قرآنی آیات اور چھیاسی احادیث پر مشتمل یہ کتابچہ نوجوانوں کے لئے بجا طور پر ایک گائیڈ کا کام دے سکتی ہے۔ جس کے ہوتے ہوئے انہیں کسی لال کتاب (RED BOOK) کی مدد کرنے کی ضرورت نہیں۔

ہماری رائے میں آیاتِ قرآنی اور احادیث کا اصل متن بھی دیا جانا ضروری تھا، اسی طرح عنوانات کا اُردو ترجمہ اور اُردو والے حصے میں فہرست مندرجات کی کمی نمایاں ہے۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں یہ خامیاں دُور کر دی جائیں گی۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر ٹائیٹل کی زمین کا رنگ بھی سبز ہوتا۔

ضرورت ہے کہ اس کا سستا ایڈیشن بھی شائع کیا جائے تاکہ یہ مفید کتاب ہر گھر میں پہنچ سکے۔ اس کتاب کی اشاعت پر محکمہ اوقاف بجا طور پر مبارک باد کا مستحق ہے۔

آدابِ معاشرت | یہ کتاب بھی محکمہ اوقاف، پنجاب لاہور کے شعبۂ تعلیم و مطبوعات نے دو ہزار کی تعداد میں کتابی سائز پر ریڈنگ پریس اردو بازار لاہور سے چھپوا کر شائع کی ہے۔ کتاب کی اشاعت کا مقصد نام سے ظاہر ہے۔ انسانی معاشرے کے عمومی نظم و ضبط کے لئے آج تک جتنے آدابِ معاشرت وضع کئے گئے ہیں، ان سب پر اسلامی آدابِ معاشرت کو بلاشبہ فوقیت حاصل ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں اسلامی معاشرے کے انہیں اصولوں کو یک جا بیان کیا گیا ہے۔

ایک سو اٹھائیس صفحات کو چار حصوں آدابِ عامہ، محاسن اخلاق، رذائل اخلاق اور